**A–0475**

**Total Pages : 4** **Roll No........................**

# MAUL–508

## Master of Arts (M.A.-23)

**TANQEED**

Paper : IV

## ایم.اے.اردو سمسٹر دوم، چوتھا پرچہ

## تنقید

Examination, June 2025

**Time : 2:00 Hrs.** **Max. Marks : 70**

**نوٹ:-** یہ پرچہ حصہ (الف) اور (ب) پر مشتمل ہے۔ ہر حصّے کے سوالوں کا جواب متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

**حصّہ (الف)** 2×19=38

**نوٹ:-** مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال ۱۹ رنمبر کا ہے۔

۱۔ مارکسی تنقید اور تاثراتی تنقید میں کیا فرق ہے؟ دونوں نظریات کے تحت ادب کے تجزئے کے مختلف زاویوں کو بیان کیجئے۔

۲۔ تنقید کے عمل میں علم، شعور اور ذوقِ سلیم کی کیا اہمیت ہے؟ یہ تین عناصر ادب کی قدر و قیمت کیسے متعین کرتے ہیں؟ وضاحت کریں۔

۳۔ حالؔی نے ''مقدمہ شعر و شاعری'' میں شاعری کی اصلاح پر زور دیتے ہوئے کس طرح کے اصولوں اور شاعری کی اخلاقی قدروں اور سیاسی اہمیت کو بیان کیا ہے؟

۴۔ شبلی نے مرثیہ گوئی کے حوالے سے انیسؔ اور دبیرؔ کے کلام کی اہمیت و معنویت کو کس طرح بیان کیا ہے؟

۵۔ میر تقی میرؔ کے ''نکات الشعرا'' کو اُردو تذکرہ نگاری میں اوّلیت کا شرف حاصل ہے اور اس کی تنقیدی اہمیت کیا ہے؟

## حصّہ (ب) 4×8=32

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف چار سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال ۸ نمبر کا ہے۔

۱۔ افلاطون شاعری کو کیوں غیر اخلاقی سمجھتے تھے اور انہوں نے اس پر پابندیاں کیوں عائد کیں؟

۲۔ ترقی پسند تنقید کے چار اہم ناقدین کے نام بیان کریں جنہوں نے ادب میں سماجی حقیقت پسندی اور مارکسی نظریات کو ترجیح دی؟

۳۔ تذکرہ کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے اور اس کی اہمیت نسلوں تک کیسے برقرار رہتی ہے؟

۴۔ پروفیسر گوپی چند نارنگ نے اُردو تنقید کو کس طرح نئے موضوعات اور تھیوریز سے متعارف کرایا اور اُردو ادب میں اس کے اثرات کیا ہیں؟

۵۔ سائنٹفک تنقید کے مطابق فن پارے کی تخلیق پر فن کاری شخصیت کا کیا اثر ہاتا ہے؟

۶۔ آلِ احمد سرور نے اپنی تنقیدی تحریر میں ''تنقید'' کے مقصد کو کس طرح بیان کیا؟

۷۔ جدید تنقید کے حوالے سے یہ کہا گیا ہے کہ نقّاد اب آزاد ہیں، اس بیان کا مطلب کیا ہے اور یہ تنقید کے عمل کو کس طرح متاثر کرتا ہے؟

۸۔ عربی ادب میں ارسطو کی ''بوطیقا'' کا اثر کس طرح عربی تنقید کی ترقی میں معاون ثابت ہوا؟

*************